1194 ـ بالوں کی رنگت بدلنا اور انہیں نرم کرنا

سوال

میں بعض لوگوں کو دیکھا ہے کہ وہ بالوں کی رنگت تبدیل کرنے والا مواد استعمال کرتے ہیں، چاہے بال سیاہ یا سرخ کر لیں، میں نے یہ بھی دیکھا ہے کہ وہ ایک اور مادہ استعمال کرتے ہیں جو گھنگریالے بالوں کو نرم کر دیتا ہے، تو کیا یہ چیز استعمال کرنی جائز ہے، اور حکم میں نوجوان اور بوڑھے برابر ہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

سیاہ رنگ کے علاوہ باقی کسی رنگ میں بالوں کی رنگت تبدیل کرنے میں کوئی حرج نہیں، اور اسی طرح گھنگریالے بالوں کو نرم کرنے والا مادہ استعمال کرنا صحیح ہے، اس سلسلہ میں نوجوانوں اور بوڑھوں کے لیے ایک ہی حکم ہے، لیکن شرط یہ ہے کہ جب اسے استعمال کرنے میں کوئی نقصان و ضرر نہ ہو، اور مادہ طاہر و پاک اور مباح ہو.

لیکن بالوں کو خالصتا سیاہ رنگ کرنا جائز نہیں، نہ تو مردوں کے لیے اور نہ ہی عورتوں کے لیے، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" اس بڑھاپے کو تبدیل کرو، اور سیاہ کرنے سے اجتناب کرو " .